للـه وإنا إليه راجعون ۔ مرحوم میرے کلاس فیلو اور مخلص ساتھی تھے۔ انتہائی فاضل اور محنتی استاذ تھے۔ تنظیمی معاملات میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے۔ جماعتی اور مسلکی حمیت سے بھرپور جواں جذبہ رکھتے تھے۔ کسی بھی مجلس میں جماعتی یا مسلکی وقار کے خلاف کوئی بات ہوتی تو فوراً اس سے اختلاف کرتے ہوئے اصل صورتحال کی وضاحت کرتے۔

بدقسمتی سے جماعتی رابطہ کے فقدان کی وجہ سے ان کی وفات کی خبر ہم نے جماعتی مجلات میں پڑھی۔ جس کی وجہ سے اپنے فاضل بھائی کے جنازہ میں شرکت سے محروم رہے۔ ادارہ ''حرمین'' مرحوم کے لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ رب العزت ان کی غلطیوں کو معاف فرمائے۔ اعلیٰ علیین میں مقام عطا فرمائے۔ آمین

مولانا شعیب احمد میرپوری (برمنگھم) کا دورۂ جامعہ

مرکزی جمعیت اہل حدیث برطانیہ کے سیکرٹری جنرل مولانا شعیب احمد میرپوری مورخہ ۲۹ اپریل کو جامعہ پہنچے۔ ان کے ہمراہ ان کے تین بھائی محمد حفیظ، محمد فیاض اور محمد ریاض صاحبان بھی تھے۔ انہوں نے جامعہ کا مختصر وزٹ کیا اور جامعہ کی خوبصورت عمارت اور طلبہ کو بہترین تعلیمی ماحول اور سہولیات مہیا کرنے پر انتظامیہ جامعہ کی کوششوں کو سراہا۔ ازاں بعد معزز وفد کے اعزاز میں ظہرانہ دیا گیا۔

دعائے صحت کی اپیل

حضرت مولانا پیر محمد یعقوب قریشی شیخ الحدیث جامعہ علوم اثریہ جہلم گزشتہ کئی ماہ سے سخت علیل ہیں اور کئی ماہ سے فیصل آباد میں اپنے گھر پہ ہی زیر علاج ہیں۔ اب دن بدن کمزوری بڑھ رہی ہے۔ قارئین سے خصوصی دعاؤں کی درخواست ہے۔

قاری عبدالرشید صاحب کی اہلیہ کئی ماہ سے علیل ہیں۔ انہوں نے بھی قارئین سے ان کی صحت کاملہ و عاجلہ کی درخواست کی ہے۔

شیخ محمد اعجاز (شیخ میڈیکل سٹور سی ایم ایچ) گزشتہ کئی ماہ سے دل کے عارضہ میں مبتلا ہیں۔ ان کیلئے بھی دعاؤں کی درخواست ہے۔ (ادارہ)